# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

کورس: اقبالیات (303) سمسٹر خزاں 2012ء

سطح: انٹرمیڈیٹ

# بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے:

1- درسی کتاب ایک عدد (یونٹ 1 تا 18)

2- عمومی رہنمائے طلبہ ایک عدد

3- امتحانی مشقیں چار عدد

4- فارم برائے امتحانی مشقیں چار سیٹ

5- اوقات نامہ مشقی کام، تعلیمی اجتماعات، ریڈیو پروگرام

نوٹ: اگر اس بستے میں مذکورہ بالا میں سے کوئی چیز موصول نہ ہو تو اس کی اطلاع شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تا کہ اس کی کو پورا کیا جا سکے۔

شعبہ مراسلاتی خدمات

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- **اگر آپ اپنی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: اقبالیات — سمسٹر: خزاں 2012ء

کورس کوڈ: 303 — کل نمبر: 100

سطح: انٹرمیڈیٹ — کامیابی کے نمبر: 40

### امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1-3)

سوال نمبر ا۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (25)

(1) ضرب کلیم کی نظموں کی دو نمایاں خوبیاں کون سی ہیں؟

(2) بمبئی کے ہوٹل میں دو ترک نوجوانوں سے مل کر علامہ اقبال کو کیا محسوس ہوا؟

(3) انگلستان میں علامہ اقبال نے کس یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کیا تھا؟

(4) اپنی شاعری کے ابتدائی دور میں علامہ اقبال نے کن انگریزی شعرا کے کلام کے اردو تراجم پیش کیے تھے؟

(5) علامہ اقبال کی کتاب ''رموز بے خودی'' پہلی بار کب شائع ہوئی؟

(6) علامہ اقبال کب اور کس قانون ساز اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے؟

(7) لندن کی مسلم لیگ شاخ کس کے زیر صدارت قائم کی گئی تھی؟

(8) مصری نوجوان نے علامہ اقبال کو مسلمان ماننے میں تامل کیوں کیا تھا؟

(9) جرمن زبان کے امتحان کے لئے علامہ اقبال نے کس عنوان پر مقالہ تیار کیا؟

(10) برصغیر میں پہلا یوم اقبال کب اور کس ادارے نے منایا تھا؟

(11) علامہ اقبال نے معاشیات کے موضوع پر کون سی کتاب لکھی تھی؟

(12) علامہ اقبال کی والدہ ماجدہ کا انتقال کب ہوا تھا؟

(13) علامہ اقبال نے کتنی بار یورپ کا سفر کیا؟

(14) 1907ء میں علامہ اقبال نے جو پیش گوئیاں کیں تھیں، وہ کب پوری ہوئیں؟

(15) اقبال کی اردو غزل کے بہترین نمونے ان کے کون سے شعری مجموعے میں ملتے ہیں؟

(16) علامہ اقبال نے اپنا دوسرا سفر یورپ کس مقصد کے تحت کیا تھا؟

(17) علامہ اقبال نے مدراس اور حیدرآباد میں کس زبان میں لیکچر دیے تھے؟

(18) علامہ اقبال نے لاہور میں پیرسٹری کی یا پروفیسری؟

(19) علامہ اقبال کی فارسی تصنیف ''جاوید نامہ'' کی تکمیل کب ہوئی؟

(20) اقبال کو سمندری سفر میں حج کے اخلاقی فوائد کا کیونکر خیال آیا؟

(21) حصول تعلیم کے لیے علامہ اقبال کس تاریخ کو سفر یورپ کے لیے روانہ ہوئے تھے؟

(22) اتحاد اسلامی سے علامہ اقبال کی مراد کیا تھی؟

(23) علامہ اقبال نے نے اپنا ساتواں خطبہ ''کیا مذہب کا امکان ہے'' کہاں پڑھا تھا ؟

(24) انجمن کشمیری مسلمانان میں سب سے پہلے علامہ اقبال نے کون سی نظم پڑھی تھی؟

(25) اقبال کس جہاز کے ذریعے انگلستان پہنچے؟

سوال نمبر 2- مندرجہ عنوانات پر ایک ایک صفحے کے مختصر نوٹ لکھیں۔ (25=12+13)

(الف) علامہ اقبال کا سیالکوٹ کا زمانہ طالب علمی

(ب) علامہ اقبال کا دوسرا سفر یورپ

سوال نمبر3۔ 1918ء سے وفات تک منظر عام پر آنے والی اقبال کی علمی تخلیقات کا تفصیلی تعارف اور ان کی اہمیت بیان کریں۔ (25)

سوال نمبر4۔ لاہور میں اقبال کے زمانہ طالب علمی اور ملازمت پر ایک مفصل مضمون لکھیں۔ (25)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 4 - 6)

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ (الف) درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (20)

(1) مسلم لیگ کس سال قائم ہوئی؟

(2) ہندوؤں کی کون سی جماعت ہندوؤں کو الگ قوم تصور کرتی تھی؟

(3) فلسطین کہاں واقع ہے؟

(4) پنجاب یونینسٹ پارٹی کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

(5) نظم ''ایک پرندہ اور جگنو'' اقبال کے کون سے مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

(6) ہندو عقائد میں انسانوں کو کتنی ذاتوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(7) انڈین نیشنل کانگرس کس سال قائم ہوئی؟

(8) مولانا ظفر علی خان کس معروف اخبار کے مدیر تھے؟

(9) قائداعظم کے نام اقبال کے خطوط پہلی بار کب شائع ہوئے؟

(10) کمیونل ایوارڈ کا اعلان کس برطانوی وزیر اعظم نے کیا تھا؟

(11) انگریزی اخبار ''ایسٹرن ٹائمز'' کہاں سے شائع ہوتا تھا؟

(12) نظم ''ایک پرندہ اور جگنو'' میں کتنے اشعار ہیں؟

(13) بدھ مت کا بانی کون تھا؟

(14) کرشک پرجا پارٹی کا تعلق کس علاقے سے تھا؟

(15) قائداعظم کے نام اقبال کے خطوط کا پیش لفظ کس نے لکھا؟

(16) سوز کس کا ہم نشین ہوتا ہے؟

(17) جگنو نے منقار ہوس تیز کرنے سے کسے منع کیا تھا؟

(18) علامہ اقبال کے نزدیک بے عمل قوموں کا کیا انجام ہوتا ہے؟

(19) علامہ اقبال نے اپنا خطبہ الہ آباد کب پیش کیا؟

(20) کیا کمیونل ایوارڈ میں مسلمانوں کے سیاسی وجود کو تسلیم کر لیا گیا تھا؟

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔ (5)

(1) شاقی (2) اشتباہ (3) مقتدر (4) مختص (5) سردست

(6) اشکوں (7) پرآشوب (8) امید (9) مربوط (10) قومی شیرازہ

سوال نمبر 2- مندرجہ عنوانات پر ایک ایک صفحے کے مختصر نوٹ لکھیں۔ (25=12+13)

(الف) پنجاب میں مسلم لیگ کی کامیابی کے لئے اقبال کی کوششیں

(ب) نظم "چاند اور تارے" کا خلاصہ

سوال نمبر3۔ قائداعظم کے نام اپنے خطوط میں اقبال نے مسلمانوں کی مجوزہ ریاست کے اسلامی کردار کو کس طرح نمایاں کیا؟ خطوط اقبال بنام قائداعظم کے حوالے سے تفصیلی جواب تحریر کریں۔ (25)

سوال نمبر4۔ قائداعظم کے نام اقبال کے خطوط کے جملہ مباحث کا تحریک پاکستان کے تناظر میں تفصیلی جائزہ لیں۔ (25)

## امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ: 7-10)

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(1) علامہ اقبال نے مایوس قوم کو کیا تلقین کی ہے؟ (20)

(2) اوج اور پستی ہم معنی الفاظ ہیں یا ایک دوسرے کی ضد؟

(3) علامہ اقبال کو شاعر فردا کیوں کہا جاتا ہے؟

(4) علامہ اقبال کے نزدیک مغرب کی اندھی تقلید سے نوجوان نسل کو کیا نقصان پہنچا؟

(5) علامہ اقبال کے خیال میں کس چیز سے زندگی کی تلخیوں کو دل پسند بنایا جا سکتا ہے؟

(6) علامہ اقبال کس عمر کے لوگوں سے زیادہ پر امید تھے؟

(7) حضرت سلمان فارسیؓ کی کس نمایاں خوبی کو علامہ اقبال نے سراہا ہے؟

(8) نظم "بلالؓ" میں کن دو صحابیوں کا ذکر آیا ہے؟

(9) نظم "بلالؓ" اور "صدیقؓ" کا موضوع کیا ہے؟

(10) نظم فاطمہ بنت عبداللہؓ کب لکھی گئی تھی؟

(11) فرد اور قوم کی بقا اور استحکام کا دارومدار کس چیز پر ہے؟

(12) مدینہ منورہ کا پرانا نام کیا تھا؟

(13) علامہ اقبال نے نوجوانوں کو شاہین سے کیوں تشبیہ دی ہے؟

(14) حضرت ''بلالؓ '' کہاں کے رہنے والے تھے؟

(15) یثرب بن قانیہ نے کون سا شہر آباد کیا تھا؟

(16) نظم ''خطاب بہ جوانان اسلام'' میں ''پیر کنعاں'' سے کون سی ہستی مراد ہے؟

(17) علامہ اقبال نے نظم ''خطاب بہ جوانان اسلام'' کہاں پڑھی تھی؟

(18) مدینہ منورہ کا پرانا نام کیا تھا؟

(19) دنیا کی محفل کس چیز سے جمتی ہے؟

(20) پتنگوں کے جہاں کا طور کسے کہا جاتا ہے؟

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔ (5)

(1) استوار (2) اعتبار (3) خویش (4) ایثار (5) راہ حق

(6) بازی گاہ (7) عصر کہن (8) خال (9) عالم سوز

(10) انداز بیاں

سوال نمبر 2- درج ذیل موضوعات پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (25=12+13)

(الف) نظم ''خطاب بہ جوانان اسلام'' کا خلاصہ

(ب) نوجوانوں کی تقلید مغرب پر اقبال کی تنقید

سوال نمبر 3۔ نظم ''بلالؓ '' اور ''صدیقؓ '' کے حوالے سے علامہ اقبال کے عشق رسول ﷺ پر ایک جامع مضمون تحریر کریں۔ (25)

سوال نمبر 4۔ علامہ اقبال نے نئی نسل کو جو پیغام دیا ہے اس پر تفصیلی بحث پیش کریں- (25)

## امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ: 11-14 )

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل کے سوالات کے مختصر جواب لکھیں- (20)

(1) نظم ''تصویر درد'' کا موضوع کیا ہے؟

(2) اقبال کی نظم تصویرِ درد اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

(3) کیا اقبال وطن کی بنیاد پر قومیت کی تشکیل کے حق میں تھے؟

(4) علامہ اقبال نظم ''شکوہ'' میں کس کی نمائندگی کرتے ہیں؟

(5) نظم ''شکوہ'' کون سی ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(6) علامہ اقبال کا مضمون ''بچوں کی تعلیم وتربیت'' کون سے مجلّے میں شائع ہوا تھا؟

(7) 'جوابِ شکوہ' کے آخری بند میں علامہ اقبال نے کن سے وفاداری کا درس دیا ہے؟

(8) اسلامی شان وشوکت کا قبرستان اقبال نے کسے کہا ہے؟

(9) اقبال 'فصیلِ کشورِ ہندوستان' کسے قرار دیتے ہیں؟

(10) علامہ اقبال مسلم قومیت کے حامی ہیں یا مغربی تصورِ قومیت کے؟

(11) علامہ اقبال کے علمی اور سیاسی خطوط کا اندازِ تحریر کیسا ہے؟

(12) نظم 'شکوہ' سب سے پہلے کس رسالے میں شائع ہوئی تھی؟

(13) علامہ اقبال اپنے سفر کے دوران دلی میں کس شاعر اور شہزادے کے مزار پر حاضر ہوئے؟

(14) علامہ اقبال کے خیال میں مسلمانوں کے عروج کے اسباب کیا تھے؟

(15) علامہ اقبال نے پہلا نثری مضمون کب لکھا اور اس کا عنوان کیا تھا؟

(16) نظم 'شکوہ' میں اقبال نے خدا سے کیا شکوہ کیا ہے؟

(17) نظم ''ترانۂ ملی'' میں علامہ اقبال نے کس دریا کی موج کو مخاطب کیا ہے؟

(18) اقبال نے اپنی نظم 'شکوہ' کس انجمن کے سالانہ اجلاس میں پڑھی تھی؟

(19) علامہ اقبال کی نظم ''ترانۂ ملی'' کا بنیادی پیغام کیا ہے؟

(20) نظم 'شکوہ' کے کل کتنے بند ہیں؟

سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل موضوعات پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (30+15+15)

(الف) نثرِ اقبال کی خصوصیات

(ب) علامہ اقبال کے سفرنامہ انگلستان کے اہم نکات

سوال نمبر 3۔ ''شکوہ'' اقبال کی ایک معروف نظم ہے اس کے حوالے سے مسلمانوں کے عروج وزوال پر ایک مضمون لکھیں۔ (25)

سوال نمبر 4۔ علامہ اقبال کی نظم ''ترانۂ ملی'' کے حوالے سے علامہ اقبال کے تصورات پر ایک جامع مضمون لکھیں۔ (25)